آزاد تھی، اُن کی زکوٰۃ فقیہانہ زنجیروں میں جکڑی ہوئی نہ تھی ہاں کا حج بھاگنا دوڑنا اور جگہ جگہ جانور کاٹ پھینکنا نہ تھا۔ . . . "مقصد یہ ہے کہ بس "نماز" پڑھی جائے بغیر اس کے کہ اس کی صورت معین ہو، روزہ رکھا جائے بغیر اس کے کہ اس کا کوئی ضابطہ ہو، حج کیا جائے بغیر اس کے کہ اس کے کچھ قواعد مقرر ہوں۔ یہ سب تفقہ اور بصیرت کے بغیر قرآن پڑھنے کے نتائج ہیں اور ایسے لوگوں کے حق میں ہماری دعا بس یہ ہے کہ اللہ نے جب اُن کو اپنی کتاب پڑھنے کی توفیق بخشی ہے تو اس کے ساتھ انھیں کتاب کی سمجھ بھی عطا فرمائے۔

معلم قرآن از منظہر احمد صاحب دہی تھانوی ضخامت ۱۰۰ صفحات۔ ہدیہ ۸ر علاوہ محصول ڈاک۔

یہ قرآن کے تیسویں پارے کا ترجمہ ہے ہر سورت کو لے کر شروع میں شان نزول لکھی ہے۔ اس کے بعد سورۃ کے ایک ایک لفظ بلکہ ایک ایک حرف کے ترتیب وار الگ الگ معانی لکھے ہیں، اس کے بعد سورۃ کو عنوانات میں تقسیم کر کے ہر عنوان کے نیچے سورۃ کا ایک ٹکڑا مع ترجمہ لکھا ہے۔ جا بجا مختصر تفسیری نوٹ بھی ہیں۔ عربی سے ناواقف یا مبتدی کے لیے جو سورت کو سمجھنا چاہے یہ ترجمہ مفید ہوگا۔

فلاحِ دین و دُنیا تالیف ماسٹر شیخ محمد عظیم ایلچپوری ضخامت ۱۲۰ صفحات قیمت ۸ر۔ ملنے کا پتہ شیخ رحیم ولد شیخ محمود جنرل بکڈپو، ایلچپور، برار۔

مولف کا مقصد مسلمان قوم کی دینی و دنیوی اصلاح ہے۔ کتاب کے دو باب ہیں۔ پہلے باب میں مسلمان مردوں اور عورتوں کو اسلام کے احکام کا پابند ہونے اور اسوۂ رسول پر چلنے کو لکھا گیا ہے۔ دوسرے باب میں مسلمانوں کی تنظیم کے لیے عملی تجویزیں پیش کی ہیں۔ اس سلسلہ میں معاشی پہلو پر زیادہ زور دیا گیا ہے اور مسلمانوں کو اسلام کے اقتصادی نظام کو قائم کرنے کی ترغیب دی ہے صنعت تجارت کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور اصلاح رسوم پر زور دیا ہے۔

گلدستہ نماز از فضل الرحمٰن صاحب کلیم۔ ملنے کا پتہ شیخ فضل الرحمٰن کلیم، حافظ آباد، ضلع گوجرانوالہ۔

اس میں نماز کے ارکان میں سے ایک ایک کو لے کر پہلے اس کے الفاظ اور پھر پوری عبارت کے لفظی اور